گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

موضوع: "سماجی"

"دیگر"

45% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے محلے / علاقے میں کسی فرد کو نشے کی عادت ہے:

گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 11 اکتوبر، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 45% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے محلے / علاقے میں کسی فرد کو نشے کی عادت ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مرد و خواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، "**خدانخواستہ آپ کے محلے / علاقے میں کسی فرد کو نشے کی عادت ہے؟**"، اس سوال کے جواب میں 45% جوابدہندگان کے مطابق "**ہاں**" اُن کے محلے / علاقے میں کسی فرد کو نشے کی عادت ہے، جبکہ 55% نے کہا "**نہیں**"۔

منشیات کا استعمال پاکستان میں ایک قابل غور (اہم) صحت کا مسئلہ ہے۔ 2013 میں اقوامِ متحدہ (UN) کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 67 لاکھ افراد منشیات کے عادی تھے جو کہ 2015 میں بڑھ کر 89 لاکھ ہو گی۔ ایک اندازے کے مطابق روزانہ 700 افراد منشیات کے استعمال کی وجہ سے موت کا شکار ہوتے ہیں۔ پاکستان میں مرنے والوں کی یہ تعداد کسی بھی دوسری وبائی مرض اور بیماری کی نسبت بہت زیادہ ہے۔

"خدانخواستہ آپ کے محلے / علاقے میں کسی فرد کو نشے کی عادت ہے؟"



Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll
Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

مختلف افراد کے نزدیک لفظ "**نشہ / منشیات**" کا مختلف مطلب ہے۔ بعض افراد اس میں ایسے مواد کو بھی شامل کر لیتے ہیں جن کی قانونی لحاظ سے لفظ "**نشہ / نشہ آور اشیاء**" کے طور پر وضاحت نہیں کی جاتی۔ گیلپ پاکستان مزید یہ بتانا چاہتا ہے کہ اس سروے کے نتائج خصوصی طور پر رائے / خیالات پر مبنی ہیں اور رائے / خیالات تعصب سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ ہم مستقبل میں شائع کی جانے والی پریس ریلیز میں اس مسئلے کی گہرائی میں تحقیق کریں گے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1797 مرد و خواتین سے 04 ستمبر تا 11 ستمبر 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 2-3%± لگایا گیا ہے۔

Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan
The Pakistani Affiliate of Gallup International

GILANI RESEARCH FOUNDATION

Wednesday, October 11, 2017
(2 Pages including this only Urdu version)

Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.

Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.

If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.

Best Regards,

Ms. Fatima Idrees
Phone: +92-51-2655630
E-mail: fatima.idrees@gilanifoundation.com

Disclaimer: *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2017

celebrating
37
years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)